امام علی علیہ السلام: قسیم جنت و نار

فضائل اہل بیت علیہم السلام ایک ایسا بحر ذخار ہے جسکی گہرائی اور وسعت کو درک کرنا انسانوں کے بس کی بات نہیں ہے۔ اس وادی میں عقل و خرد کی پیمائش کو معیار قرار دینا نامناسب ہے اس لئے کہ فضائل کو قبول کرنا ہماری ذمہ داری ہے سمجھنا لازم نہیں ہے۔ اسی بات کو درک نہ کرنے کے سبب بہت سے ذہن بھٹک جاتے ہیں اور عقل کے لئے قابل ادراک نہ ہونے کے سبب انکار کرنے لگتے ہیں۔ ان ہی حدیثوں میں وہ حدیث بھی شامل ہے جس میں حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے لئے قسیم جنت و نار کا ذکر ہے۔ جبکہ فریقین نے اس حدیث کو لکھا ہے اور متفق علیہ حدیث ہے۔ اور اسے علماء عامہ نے قبول بھی کیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

امام حنابلہ احمد بن حنبل سے ایک قول منقول ہے:

محمد بن منصور کا بیان ہے کہ ہم سب احمد بن حنبل کے ہمراہ تھے۔ ایک شخص نے پوچھا: اے ابوعبداللہ، حضرت علی علیہ السلام کے اس قول

اَنَا قَسِیمُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

میں جنت و جہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں

سے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: اسکا انکار کیسے ممکن ہے؟ کیا ہم نے روایت نہیں سنی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا:

لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ

سوا مومن کے کوئی تم سے محبت نہیں کرے گا اور سوا منافق کوئی تم سے نفرت نہیں کرے گا۔

ہم سب نے کہا: ہاں سنا تو ہے۔

انہوں نے کہا: اب بتاؤ مومن کہاں ہوگا؟

ہم نے کہا: جنت میں۔

پوچھا: منافق کہاں ہوگا؟

ہم نے کہا: جہنم میں۔

انہوں نے کہا: لہٰذا علی علیہ السلام جنت و جہنم کے تقسیم کرنے والے ہیں۔

(طبقات الحنابلہ، ج ا،ص ۳۲۰؛ تاریخ مدینہ دمشق، ج ۴۲،ص ۳۰۱)

اسی طرح امام ہشتم علیہ السلام کے غلام ابوصلت ہروی کا بیان ہے کہ مامون نے ایک دن امام رضا علیہ السلام سے پوچھا: اے ابوالحسن، مجھے یہ بات بتائیے کہ آپ کے جد امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہما السلام کس طرح قسیم جنت و جہنم ہیں؟ یہ کس معنی میں ہے؟ میں اس کے بارے میں بہت سوچتا ہوں۔

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا:

......کیا تم اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے اس طرح عبداللہ بن عباس سے یہ نقل نہیں کرتے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ:

حُبُّ عَلِيٍّ اِيْمَانٌ وَبُغْضُهُ كُفْرٌ

علی سے محبت ایمان اور ان سے نفرت کفر ہے؟

اس نے کہا: ہاں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا:

باقی صفحہ نمبر ۱۱ پر........

Scanned with CamScanner